صحیح احادیث سے منتخب دعائیں

تالیف: بنت عبد الشکور

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

زوالِ نعمت سے پناہ مانگنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَ تَحَوُّلِ عَافِیَتِكَ وَ فُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَ جَمِیْعِ سَخَطِكَ

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں، تیری عطا کردہ نعمتوں کے زوال سے، تیری عطا کردہ عافیت کے بدل جانے سے، تیری سزا کے اچانک وارد ہوجانے سے اور تیری ہر قسم کی ناراضگی سے۔ (صحیح مسلم: 2739)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

فکر و غم، کمزوری، سستی، بزدلی، بخل، قرض کے بوجھ اور لوگوں کے سخت غلبے سے نجات کی دعا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں فکر و غم سے اور کمزوری و سستی سے اور بزدلی اور بخل سے اور قرض کے بوجھ اور لوگوں کے سخت غلبے سے۔ (صحیح البخاری: 6369)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

بخل، بزدلی، بدترین بڑھاپے، دنیا کی آزمائش اور قبر کے عذاب سے نجات کی دعا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أُرَدَّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل سے، میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے، میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ بدترین بڑھاپا مجھ پر آجائے، میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی آزمائش سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔ (صحیح البخاری: 6370)

موت کے وقت شیطان کے گمراہ کرنے سے پناہ مانگنا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْهَدْمِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ التَّرَدِّي وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَأَعُوذُ بِكَ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَمُوتَ فِي سَبِيلِكَ مُدْبِرًا وَّأَعُوذُ بِكَ أَنْ أَمُوتَ لَدِيغًا

اے اللہ ! کسی مکان یا دیوار کے اپنے اوپر گرنے سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں ۔ میں اونچے مقام سے گر پڑنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں ۔ میں ڈوبنے ، جل جانے اور بہت بوڑھا ہو جانے سے تیری پناہ مانگتا ہوں ۔ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ موت کے وقت مجھے شیطان گمراہ کرے ۔ اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ میں تیری راہ میں پیٹھ دکھا کر بھاگتے ہوئے مارا جاؤں اور اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ کسی زہریلے جانور کے کاٹنے سے میری موت آئے ۔ (سنن ابی داؤد:1552)

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

بری تقدیر سے پناہ مانگنا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ جَهْدِ الْبَلاَءِ، وَدَرَكِ الشَّقَاءِ، وَسُوءِ الْقَضَاءِ، وَشَمَاتَةِ الأَعْدَاءِ

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں مصیبت کی سختی، تباہی تک پہنچ جانے، بری تقدیر اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔ (صحیح البخاری: 6347)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

حفاظت کی دعائیں

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَّ مِنْ کُلّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے پورے پورے کلمات کے ذریعہ ہر ایک شیطان سے اور ہر زہریلے جانور سے اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر بد سے۔ (صحیح البخاری: 3371)

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ مِنْ ھَمْزِہِ وَ نَفْخِہِ وَ نَفْثِہِ

میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں، جو سننے والا اور جاننے والا ہے، شیطان مردود سے، اس کے اکساہٹ، اس کی پھونک، اور اس کی (ایسی) پھونک (جس میں تھونک بھی ہو) سے۔ (سنن ابوداؤد: 775)

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے۔ (صحیح مسلم: 2708)

رَبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ۝ وَ اَعُوْذُبِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ

اے میرے رب! میں تیری پناہ میں آتا ہوں شیاطین کی اکساہٹوں (چھیڑ/ وسوسوں) سے۔ اور اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔ (المومنون: 97-98)

[آخری 3 قل، آیت الکرسی، سورہ بقرہ کی آخری 2 آیتیں بھی پڑھیں۔]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

سلیم دل کے لیے دعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ ٱلْوَهَّابُ

اے ہمارے رب! ہمیں ہدایت دینے کے بعد ہمارے دل ٹیڑھے نہ کردے اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، یقیناً تو ہی بہت بڑی عطا دینے والا ہے۔ (قرآن 3:8)

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لاَ يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لاَ يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لاَ تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لاَ يُسْتَجَابُ لَهَا

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں: ایسے علم سے جو نفع بخش نہ ہو، ایسے دل سے جو تجھ سے خوف زدہ نہ ہو، ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو اور ایسی دعا سے جو قبول نہ ہو۔ (صحیح مسلم: 2722)

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ

اے دلوں کو الٹ پلٹ کرنے والے ہمارے دلوں کو اپنے دین پر ثابت رکھ۔ (جامع ترمذی: 3587) [حسن]

اللَّهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوبِ صَرِّفْ قُلُوبَنَا عَلَى طَاعَتِكَ

اے اللہ اے دلوں کو پھیرنے والے ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت پر پھیر دے۔ (صحیح مسلم: 2655)

سَیِّدُ الِاسْتِغْفَارِ [مغفرت مانگنے کے سب کلمات کا سردار]

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُکَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَ وَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّہُ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں اپنی استطاعت کے مطابق تجھ سے کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر برائی سے جو میں نے کی، میں اپنے اوپر تیری عطا کردہ نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس مجھے بخش دے، یقیناً تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا۔ (صحیح البخاری: 6306)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

رسول اللہ ﷺ سجدے میں کہا کرتے تھے

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي كُلَّهُ، دِقَّهُ، وَجِلَّهُ، وَأَوَّلَهُ، وَآخِرَهُ، وَعَلَانِيَتَهُ، وَسِرَّهُ

اے اللہ! میرے سارے گناہ بخش دے، چھوٹے بھی اور بڑے بھی، پہلے بھی اور پچھلے بھی، کھلے بھی اور چھپے بھی۔

(صحیح مسلم:483)

Find us on Facebook
⬅️ Follow As-saajidoon at: ⬇️ ➡
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

سوتے وقت

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا

اے اللہ! تیرے نام کے ساتھ میں مرتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں۔ (صحیح البخاری :6314)

بیدار ہونے (جاگنے) پر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں مرنے (سونے) کے بعد دوبارہ زندگی دی اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (صحیح البخاری :6314)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللهِ

اللہ کے نام سے۔ (صحیح مسلم: 2018)

پھر گھر والوں کو السلام علیکم کہیں۔

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at: ⬅️ ⬇️ ➡️
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

گھر سے نکلتے وقت کی دعائیں

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَضِلَّ أَوْ أُضَلَّ أَوْ أَزِلَّ أَوْ أُزَلَّ أَوْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ أَوْ أَجْهَلَ أَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں گمراہ کروں، یا گمراہ کیا جاؤں، میں خود پھسلوں یا پھسلایا جاؤں، میں خود ظلم کروں یا کسی کے ظلم کا شکار بنایا جاؤں، میں خود جہالت کروں، یا مجھ سے جہالت کی جائے۔(ابوداؤد: 5094)

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے -(صحیح مسلم: 2708)

بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللهِ

میرا پورا پورا توکل اللہ ہی پر ہے، تمام طاقت و قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے- (ابوداؤد: 5095)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

مسجد میں داخل ہونے کی دعا

اللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

مسجد سے نکلنے کی دعا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتاہوں۔ (مسلم: 713)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

کھانے کھانے سے پہلے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ

اللہ کے نام سے

اگر کوئی شروع میں بھول جائے

بِسْمِ اللّٰهِ فِي أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ

اللہ کے نام کے ساتھ اس کے شروع اور اس کے آخر میں- (ترمذی: 1858)

کھانا کھانے سے فارغ ہونے کی دعائیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هَذَا وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّي وَلاَ قُوَّةٍ

تمام تعریفیں ہیں اس اللہ کے لیے جس نے ہمیں یہ کھانا کھلایا اور اسے ہمیں عطا کیا، میری طرف سے محنت مشقت اور جدوجہد اور قوت و طاقت کے استعمال کے بغیر- (ترمذی: 3458) [حسن]

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ، غَيْرَ مَكْفِيٍّ، وَلاَ مُوَدَّعٍ وَلاَ مُسْتَغْنًى عَنْهُ، رَبَّنَا

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ، بہت زیادہ پاکیزہ برکت والی ، ہم اس کھانے کا حق پوری طرح ادا نہ کرسکے اور یہ ہمیشہ کے لیے رخصت نہیں کیا گیا ہے (اور یہ اس لیے کہا تاکہ) اس سے ہم کو بے پرواہی کا خیال نہ ہو ، اے ہمارے رب ! (بخاری: 5458)

جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

(تمام تعریفیں اور شکر اللہ کے لیے ہیں)

اس کا بھائی/ساتھی اس سے کہے

يَرْحَمُكَ اللَّهُ

(اللہ آپ پر رحم فرمائے)

وہ [جس کو چھینک آئی] جواب دے

يَهْدِيكُمُ اللَّهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ

(اللہ آپ کو ہدایت دے اور آپ کی حالت بہتر کرے)۔ (صحیح البخاری 6224)

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنّیِ اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

اے اللہ ! میں خبیث جنوں اور جنیوں کی برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔(صحیح البخاری:142)

بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد کی دعا

غُفْرَانَكَ

میں تیری بخشش چاہتا ہوں ۔(سنن ابی داؤد:30)

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

مقیم کے لیے مسافر کی دعا

أَسْتَوْدِعُكَ اللَّهَ الَّذِي لاَ تَضِيعُ وَدَائِعُهُ

میں تمہیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں جس کے سپرد کی ہوئی چیزیں ضائع نہیں ہوتی۔ (سنن ابن ماجہ: 2825)

مسافر کے لیے مقیم کی دعا

أَسْتَوْدِعُ اللَّهَ دِينَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكَ

میں تمہارے دین، تمہاری امانت اور تمہارے عمل کے اختتام کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ (سنن ابی داؤد:2600)

بارش ہوتے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَّافِعاً

اے اللہ! نفع بخشنے والی بارش برسا۔ (صحیح البخاری: 1032)

دعا جب بارش شدید ہو

اللَّهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلاَ عَلَيْنَا، اللَّهُمَّ عَلَى الْآكَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُونِ الْأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ

اے اللہ! ہمارے اطراف میں بارش برسا (جہاں ضرورت ہے) ہم پر نہ برسا۔ اے اللہ! ٹیلوں پہاڑوں وادیوں اور باغوں کو سیراب کر۔ (صحیح البخاری: 1014)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

غصہ آجانے کے وقت کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔

(صحیح البخاری: 6115)

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

گھر میں داخل ہوتے اور کھانا کھاتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰہ

اللہ کے نام سے۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کہ جب آدمی اپنے گھر میں جاتا ہے، اور گھر میں داخل ہوتے وقت اور کھانا کھاتے وقت اللہ کا نام لیتا ہے، تو شیطان [اپنے چیلوں سے] کہتا ہے کہ تمہارے لیے یہاں رات رہنے کا ٹھکانا اور کھانا کچھ بھی نہیں ہے، اور جب گھر میں داخل ہوتے وقت اللہ تعالی کا نام نہیں لیتا تو شیطان [اپنے چیلوں سے] کہتا ہے کہ تمہیں رہنے کا ٹھکانا مل گیا اور جب کھانا کھاتے وقت بھی اللہ تعالی کا نام نہیں لیتا تو شیطان کہتا ہے کہ تمہیں رہنے کا ٹھکانا اور رات کا کھانا بھی مل گیا۔ (صحیح مسلم: 2018)

افطاری کے وقت

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَثَبَتَ الأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

"پیاس ختم ہو گئی، رگیں تر ہو گئیں، اور اگر اللہ نے چاہا تو ثواب مل گیا" ۔ (سنن ابی داؤد 2357)

سحری کی کوئی خاص دعا نہیں ہے۔ لیکن نیت دل میں رکھنی چاہیے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس کے دل میں خیال ہو کہ کل روزہ رکھوں گا اس نے نیت کرلی۔

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

Find us on Facebook

INTERNET ARCHIVE

YouTube

جسم میں درد محسوس ہو تو کیا پڑھے؟

اپنا ہاتھ درد والی جگہ پر رکھیں اور 3 بار پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ

(اللہ کے نام کے ساتھ)

پھر 7 بار پڑھیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ

(میں اللہ تعالیٰ اور اس کی قدرت کی پناہ چاہتا ہوں، اس چیز کے شر سے جس کو میں پاتا ہوں اور جس سے میں ڈرتا ہوں۔) (صحیح مسلم: 2202)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

کسی کو آزمائش یا مصیبت میں دیکھ کر یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِہِ وَ فَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی مصیبت میں مبتلا شخص کو دیکھے تو کہے " اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہِ وَ فَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔" (سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے اُس سے عافیت دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت عطا کی۔) اس کو وہ مصیبت کبھی نہ پہنچے گی۔ (سنن الترمذی: 3431) [حسن]

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

مصیبت کے وقت کیا کہے؟

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَ اَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا

بے شک ہم سب اللہ کے لیے ہیں اور ہم سب اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اے اللہ! مجھے میری مصیبت کے عوض اجر دے اور مجھے اس سے بہتر عطا فرما۔ (صحیح مسلم:918)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

دعائے استخارہ (اللہ سے رہنمائی اور مشورہ طلب کرنے کی دعا)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَ اَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَ اَسْاَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ، فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَ لَا اَقْدِرُ وَ تَعْلَمُ وَ لَا اَعْلَمُ وَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَۃِ اَمْرِیْ، فَاقْدُرْہُ لِیْ وَ یَسِّرْہُ لِیْ، ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَۃِ اَمْرِیْ، فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَ اصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَ اقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہِ۔

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے تیرے علم کی بدولت خیر طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کی بدولت تجھ سے طاقت مانگتا ہوں اور تیرے فضل عظیم کا طلب گار ہوں کہ بے شک تو ہی قدرت رکھتا ہے اور مجھے کوئی قدرت نہیں۔ علم تجھ ہی کو ہے اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو تمام پوشیدہ باتوں کو جاننے والا ہے۔ اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام (جس کے لیے استخارہ کیا جارہا ہے) میرے دین، معاش اور میرے کام کے انجام کے اعتبار سے میرے لیے بہتر ہے تو اسے میرے لیے مقدر کردے اور اس کو میرے لیے آسان کر دے، پھر اس میں مجھے برکت عطا کر اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے دین، معاش اور میرے کام کے انجام کے اعتبار سے برا ہے تو اسے مجھ سے دور کر دے اور مجھے بھی اس سے ہٹا دے، پھر میرے لیے خیر مقدر فرما دے، جہاں بھی وہ ہو اور اس پر میرے دل کو مطمئن کر دے۔ (صحیح البخاری: 7390)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

زلزلے، بجلی کڑکنے اور آندھی طوفان کے وقت کی دعا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ

وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ

یا اللہ! میں تجھ سے اس ہوا کی خیر اور اس چیز کی خیر مانگتا ہوں جو اس میں ہے اور اس کی بھی خیر مانگتا ہوں جس کے ساتھ اسے بھیجا گیا ہے، نیز میں اس ہوا کے شر، اور اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جو اس میں ہے اور اس کے شر سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں جس کے ساتھ اسے بھیجا گیا ہے۔ (صحیح مسلم:899)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

تہجد دعاء استفتاح

اللَّهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَإِسْرَافِيلَ فَاطِرَ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ اهْدِنِي لِمَا اخْتُلِفَ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ إِنَّكَ تَهْدِي مَنْ تَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

اے جبریل اور میکائیل اور اسرافیل علیہم السلام کے رب، آسمان و زمین کو پیدا کرنے والے، اور غیب اور حاضر کے رب، تو اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں، جس میں اختلاف کیا گیا ہے اس میں تو مجھے اپنی طرف سے حق کے ساتھ ہدایت نصیب فرما، بلا شبہ تو جسے چاہے صراط مستقیم کی طرف ہدایت دیتا ہے ۔ (صحیح مسلم: 770)

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

عورت میت کے لیے دعا

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهَا ، وَارْحَمْهَا ، وَعَافِهَا، وَاعْفُ عَنْهَا ، وَأَكْرِمْ نُزُلَهَا ، وَوَسِّعْ مُدْخَلَهَا ، وَاغْسِلْهَا بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ ، وَنَقِّهَا مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ ،وَأَبْدِلْهَا دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهَا ، وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهَا ، وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهَا، وَأَدْخِلْهَا الْجَنَّةَ ، وَأَعِذْهَا مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ

اے اللہ!اسے بخش دے اس پر رحم فرما اور اسے عافیت دے ، اسے معاف فرما اور اس کی باعزت ضیافت فرما اور اس کے داخل ہونے کی جگہ (قبر) کو وسیع فرما اور اس (کے گناہوں) کو پانی ، برف اور اولوں سے دھو دے ، اسے گناہوں سے اس طرح صاف کردے جس طرح تو نے سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کیا اور اسے اس گھر کے بدلے میں بہتر گھر ، اس کے گھر والوں کے بدلے میں بہتر گھر والے اور اس کے شوہر کے بدلے میں بہتر شوہر عطا فرما اور اس کو جنت میں داخل فرما اور قبر کے عذاب سے اور آگ کے عذاب سے اپنی پناہ عطا فرما ۔ (صحیح مسلم : 963)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

مرد میت کے لیے دعا

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَأَهْلاً خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ أَوْ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

اے اللہ! اسے بخش دے اس پر رحم فرما اور اسے عافیت دے، اسے معاف فرما اور اس کی باعزت ضیافت فرما اور اس کے داخل ہونے کی جگہ (قبر) کو وسیع فرما اور اس (کے گناہوں) کو پانی، برف اور اولوں سے دھو دے، اسے گناہوں سے اس طرح صاف کردے جس طرح تو نے سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کیا اور اسے اس گھر کے بدلے میں بہتر گھر، اس کے گھر والوں کے بدلے میں بہتر گھر والے اور اس کی بیوی کے بدلے میں بہتر بیوی عطا فرما اور اس کو جنت میں داخل فرما اور قبر کے عذاب سے اور آگ کے عذاب سے اپنی پناہ عطا فرما۔ (صحیح مسلم: 963)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

📚 علم کے حصول کے لیے دعائیں 🤲

📚 ‘Ilm ke Ḥuṣūl ke Liye Duʿāin 🤲

قرآن اور صحیح سنت سے

اُردو اور رومن اُردو ترجمے کے ساتھ

✍️ تالیف: بنت عبدالشکور

درج ذیل دعائیں پڑھنے سے پہلے درود ابراہیم

پڑھیں اور اللہ کی حمد کریں۔

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE



Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

حکمت کے لیے دعا

رَبِّ هَبۡ لِىۡ حُكۡمًا وَّاَلۡحِقۡنِىۡ بِالصّٰلِحِيۡنَ

(Rabbi hab lī ḥukman wa alḥiqnī biṣ-ṣāliḥīn)

اے میرے رب! مجھے حکمت عطا فرما اور مجھے نیک لوگوں میں شامل فرما۔

Aye mere Rabb! Mujhe hikmat ata farma aur mujhe nek logon mein shamil farma.

(قرآن 26:83)

ہدایت اور صحیح علم کے لیے دعا

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ

(Ihdinā ṣ-ṣirāṭ al-mustaqīm)

ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت دے۔

Hamein seedhay raaste ki hidayat de.

(قرآن 1:6)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

فائدہ مند علم کے لیے دعا

اللَّهُمَّ انْفَعْنِي بِمَا عَلَّمْتَنِي، وَعَلِّمْنِي مَا يَنْفَعُنِي، وَزِدْنِي عِلْمًا

(Allahumma anfaʿnī bimā ʿallamtanī, wa ʿallimnī mā yanfaʿunī, wa zidnī ʿilmā)

اے اللہ! مجھے اُس علم سے فائدہ دے جو تُونے مجھے سکھایا، اور وہ علم سکھا جو میرے لیے فائدہ مند ہو، اور میرے علم میں اضافہ فرما۔

Aye Allah! Mujhe us ilm se faida de jo Tu ne mujhe sikhaya, aur mujhe woh ilm sikha jo mere liye faidemand ho; aur mere ilm mein izāfa farma.

(جامع ترمذی: 3599)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

فائدہ مند علم، رزق اور قابل قبول اعمال کے لیے دعا

اللَّـهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا طَيِّبًا، وَعَمَلاً مُتَقَبَّلًا

(Allahumma innī as’aluka ʿilman nāfiʿan, wa rizqan ṭayyiban, wa ʿamalan mutaqabbalan)

اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق، اور مقبول عمل کا سوال کرتا/کرتی ہوں۔

Aye Allah! Main Tujh se nafʿa-bakhsh ʿilm, pakeezah rizq, aur maqbool amal ka sawal karta/karti hoon.

(سنن ابن ماجہ: 925)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

دین کی سمجھ کے لیے دعا

اللَّهُمَّ فَقِّهْنِي فِي الدِّينِ

(Allāhumma faqqihnī fid-dīn)

اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطا فرما۔

Aye Allah! Mujhe dīn ki samajh ata farma.

[حدیث میں یہ دعا نبی کریم ﷺ کی جانب سے ابن عباسؓ کے لیے منقول ہے (صحيح البخاري: 143)]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

دین کی گہری سمجھ اور حکمت کے لیے دعا

اللَّهُمَّ فَقِّهْنِي فِي الدِّينِ وَعَلِّمْنِي الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ

(Allahumma faqqihnī fī ad-dīn wa ʿallimnī al-kitāba wal-ḥikmata)

اے اللہ! مجھے دین کی گہری سمجھ عطا فرما، مجھے کتاب (قرآن) اور حکمت سکھا۔

Aye Allah! Mujhe deen ki gehri samajh ata farma, mujhe kitaab (Qur’an) aur hikmat sikha.

[حدیث میں یہ دعا نبی کریم ﷺ کی جانب سے ابن عباسؓ کے لیے منقول ہے (صحيح البخاري: 75,143, 3756)]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

بے فائدہ علم سے حفاظت کی دعا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لاَ يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لاَ يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لاَ تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لاَ يُسْتَجَابُ لَهَا

(Allahumma innī aʿūdhu bika min ‘ilmin lā yanfaʿ wa min qalbin lā yakhshaʿ wa min nafsin lā tashbaʿ wa min daʿwatin lā yustajāb lahā)

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے علم سے جو فائدہ نہ دے، ایسے دل سے جس میں تیرا خوف نہ ہو، ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو، اور ایسی دعا سے جو قبول نہ کی جائے۔

Ay Allah! Main Teri panah maangta hoon aisay ilm se jo faida na de, aisay dil se jismein Tera khauf na ho, aisay nafs se jo sair na ho, aur aisī du‘ā se jo qabool na ki jaye.

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

Du’a before Exam with Translations in Urdu & English

امتحان سے پہلے کی دعا اردو اور انگریزی ترجمے کے ساتھ

COMPILED BY BINT A.SHAKOOR

Recite Darood-e-Ibrahim and praise Allah before reading following du'as.

درج ذیل دعائیں پڑھنے سے پہلے درود ابراہیم پڑھیں اور اللہ کی حمد کریں۔

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

رَبِّ ٱشْرَحْ لِى صَدْرِى - وَيَسِّرْ لِىٓ أَمْرِى - وَٱحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِى - يَفْقَهُوا۟ قَوْلِى -

اے میرے پروردگار! میرا سینہ میرے لئے کھول دے-اور میرے کام کو مجھ پر آسان کر دے-اور میری زبان کی گرہ بھی کھول دے-تاکہ لوگ میری بات اچھی طرح سمجھ سکیں-

My Rabb, expand for me my breast [with assurance]. And ease for me my task. And untie the knot from my tongue. That they may understand my speech. *(Qur'an 20:25-28)*

سُبْحَٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَآ إِنَّكَ أَنتَ ٱلْعَلِيمُ ٱلْحَكِيمُ

تیری ذات پاک ہے ہمیں تو صرف اتنا ہی علم ہے جتنا تو نے ہمیں سکھا رکھا ہے، پورے علم
وحکمت والا تو تو ہی ہے۔

Exalted are You; we have no knowledge except what You have taught us. Indeed, it is You who is the Knowing, the Wise. *(Qur'an 2:32)*

Find us on Facebook
⬅ Follow As-saajidoon at: ⬇ ➡
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا وَ اَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَهْلًا اِذَا شِئْتَ۔

اے اللہ! کوئی کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان کر دے اور جب تو چاہتا ہے مشکل کو آسان کر دیتا ہے۔

O Allah, there is no ease except what You make easy, and You alone can turn a difficulty into an ease, when You please. *[Ibn Ḥibbān: 974]*

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

اللَّهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُورِ كُلِّهَا وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ

اے اللہ آپ بہتر کیجیے ہمارا انجام تمام معاملے میں، اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا۔

O Allah, make our end good in all matters, and save us from the disgrace of this world and punishment of the Hereafter. *(Musnad Ahmad) (Ibn Katheer said in his commentary: This hadith is hasan and Albani has said it is weak.)*

Find us on Facebook
⬅ Follow As-saajidoon at: ⬇ ➡
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَ تَمِّمْ بِالْخَيْرِ

اے میرے رب ' (اس کام کو) آسان کر دے مشکل نہ بنا اور خیر کے ساتھ مکمل فرما ۔

O my Rabb, make (this task) easy and do not make it difficult and complete it with goodness.

(It is the common practice of Ulama and righteous people to make this du'a before commencing any important work and also before initiating the lessons while teaching. Though it is not from the Qur'an and/or hadeeth, it is permissible to read this du'a as it does not go against the Shariah and Aqeedah, keeping in mind that it was not commanded by the Prophet Muhammad [Sallal-laahu-alayhi-wa-sallam])

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

شادی کی دعائیں

تالیف: بنت عبدالشکور

وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦٓ أَنْ خَلَقَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَٰجًا لِّتَسْكُنُوٓا۟ إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُم مَّوَدَّةً وَرَحْمَةً ۚ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ تمہاری ہی جنس سے بیویاں پیدا کیں تاکہ تم ان سے آرام پاؤ اس نے تمہارے درمیان محبت اور ہمدردی قائم کر دی، یقیناً غور وفکر کرنے والوں کے لئے اس میں بہت سی نشانیاں ہیں۔(قرآن 30:21)

Subscribe As-saajidoon on Youtube & follow us on Facebook

نکاح خطبہ

إِنَّ الْحَمْدَ لِلَّهِ نَسْتَعِينُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ وَنَعُوذُ بِهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا مَنْ يَهْدِ اللَّهُ فَلاَ مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُضْلِلْ فَلاَ هَادِيَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ { يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالأَرْحَامَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا } { يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلاَ تَمُوتُنَّ إِلاَّ وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ } { يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلاً سَدِيدًا * يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا } .

بیشک تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں ،ہم اسی سے مدد طلب کرتے ہیں ، اسی سے مغفرت چاہتے ہیں ، اور ہم اپنے نفسوں کی شرارتوں سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں ، اللہ جسے راہ دکھائے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا ، اور جسے گمراہ کر دے اسے کوئی راہ نہیں دکھا سکتا ، اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں ، وہ تنہا ہے ، اس کا کوئی ساجھی نہیں ، اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں "۔ " اے ایمان والو ! اس اللہ سے ڈرو جس کے نام پر ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور رشتے ناتے توڑنے سے بھی بچو بیشک اللہ تعالیٰ تم پر نگہبان ہے " (سورۃ النساء : ۱) " اے ایمان والو ! اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور مسلمان ہی رہ کر مرو " (سورۃ آل عمران : ۱۰۲) ۔ " اے ایمان والو ! اللہ سے ڈرو اور نپی تلی بات کہو اللہ تعالیٰ تمہارے کام سنوار دے گا اور تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور جو بھی اللہ اور اس کے رسول کی تابعداری کرے گا اس نے بڑی مراد پالی " (سورۃ الاحزاب : ۷۰، ۷۱) (سنن ابی داؤد2118)

Subscribe As-saajidoon on Youtube & follow us on Facebook

جو شادی کرتا ہے اسے کیا دعا دے؟

بَارَكَ اللَّهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ

اللہ تعالیٰ تم کو برکت دے اور اس برکت کو قائم و دائم رکھے، اور تم دونوں کو خیر پر جمع کر دے۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی شخص کو شادی کی مبارکباد دیتے تو فرماتے: «بَارَكَ اللَّهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ» "اللہ تعالیٰ تم کو برکت دے اور اس برکت کو قائم و دائم رکھے، اور تم دونوں کو خیر پر جمع کر دے"۔ (سنن ابی داؤد 2130)

Subscribe As-saajidoon on Youtube & follow us on Facebook

شادی کی رات کی دعا

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ

اے اللہ ! میں تجھ سے اس کی بھلائی اور اس کی خلقت اور طبیعت کی بھلائی مانگتا ہوں ، اور اس کے شر اور اس کی خلقت اور طبیعت کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " تم میں سے کوئی جب کسی عورت سے نکاح کرے یا کوئی خادم خریدے تو یہ دعا پڑھے : «اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ» " اے اللہ ! میں تجھ سے اس کی بھلائی اور اس کی خلقت اور طبیعت کی بھلائی مانگتا ہوں ، اور اس کے شر اور اس کی خلقت اور طبیعت کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں " ۔ اور جب کوئی اونٹ خریدے تو اس کے کوہان کی چوٹی پکڑ کر یہی دعا پڑھے " ۔ ابوداؤد کہتے ہیں : عبداللہ سعید نے اتنا اضافہ کیا ہے کہ " پھر اس کی پیشانی پکڑے اور عورت یا خادم میں برکت کی دعا کرے "۔(سنن ابی داؤد 2160)

Subscribe As-saajidoon on Youtube & follow us on Facebook

بیوی سے جماع کرنے سے پہلے دعا

بِاسْمِ اللَّهِ، اللَّهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا

اللہ کے نام سے ، اے اللہ ! ہمیں شیطان سے دور رکھ اور جو کچھ تو ہمیں عطا فرمائے اسے بھی شیطان سے دور رکھ۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس آنے کا ارادہ کرے تو یہ دعا پڑھے ۔ بِاسْمِ اللَّهِ، اللَّهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا " اللہ کے نام سے ، اے اللہ ! ہمیں شیطان سے دور رکھ اور جو کچھ تو ہمیں عطا فرمائے اسے بھی شیطان سے دور رکھ ۔ " تو اگر اس صحبت سے کوئی اولاد مقدر میں ہو گی تو شیطان اسے کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا ۔ (صحیح البخاری 6388)

Subscribe As-saajidoon on Youtube & follow us on Facebook

سفر کی دعائیں

تالیف: بنت عبد الشکور

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

اپنا پاؤں سواری پر رکھ کر

بِسْمِ اللّٰہِ

اللہ کے نام سے۔ [سنن ابی داؤد: 2602]

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

جب سواری کی پشت پر ٹھیک سے بیٹھے

اَلْـحَمْدُ لِلّٰهِ - سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ - اَلْـحَمْدُ لِلّٰهِ اَلْـحَمْدُ لِلّٰهِ اَلْـحَمْدُ لِلّٰهِ - اَللّٰهُ اَكْبَر اَللّٰهُ اَكْبَر اَللّٰهُ اَكْبَر- سُبْحَانَكَ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهُ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ

تمام تعریفیں اور شکر اللہ کے لیے ہیں- پاک ہے وہ ذات جس نے اس {سواری} کو ہمارے لیے مسخر کردیا حالانکہ ہم اس کو قابو میں لانے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ تمام تعریفیں اور شکر اللہ کے لیے ہیں-تمام تعریفیں اور شکر اللہ کے لیے ہیں-تمام تعریفیں اور شکر اللہ کے لیے ہیں-اللہ سب سے بڑا ہے-اللہ سب سے بڑا ہے-اللہ سب سے بڑا ہے-پاک ہے تُو، بے شک میں نے {تیری نافرمانی کر کے} اپنے نفس پر ظلم کیا ہے، پس تُو مجھے معاف فرما دے کیونکہ تیرے علاوہ گناہوں کو کوئی نہیں بخش سکتا۔ [سنن ابی داؤد: 2602]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

جب سفر کا آغاز کرے

اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا
لَمُنْقَلِبُوْنَ، اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا ھٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا
سَفَرَنَا ھٰذَا وَاطْوِعَنَّا بُعْدَہٗ ، اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ
مِنْ وَّعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَۃِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ

اللہ سب سے بڑا ہے-اللہ سب سے بڑا ہے-اللہ سب سے بڑا ہے- " پاک ہے وہ اللہ جس نے اس (سواری) کو ہمارے تابع کر دیا جب کہ ہم اس کو قابو میں لانے والے نہیں تھے ، اور ہمیں اپنے رب ہی کی طرف پلٹ کر جانا ہے ، اے اللہ! ہم تجھ سے اپنے اس سفر میں نیکی اور پرہیزگاری مانگتے ہیں اور ایسے کام کا سوال کرتے ہیں جسے تو پسند کرے ۔ اے اللہ! ہم پر اس سفر کو آسان کر دے اور ہمارے لیے مسافت کو لپیٹ دے ۔ اے اللہ تو ہی سفر میں رفیق سفر اور گھر میں نگران ہے ۔ اے اللہ! میں تجھ سے سفر کی تکلیفوں اور رنج و غم سے اور اپنے مال اور گھر والوں میں برے حال میں لوٹ کر آنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں ۔"(صحیح مسلم: 1342)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

جب صبح کے وقت سفر کریں

سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللهِ وَحُسْنِ بَلاَئِهِ عَلَيْنَا ، رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَاَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا بِاللهِ مِنَ النَّارِ

سن لیا سننے والے نے اللہ کی حمد کو اور ہم پر اس کی نعمتوں کی خوبی کے اقرار کو۔ اے اللہ! ہمارے ساتھ رہ اور ہم پر فضل کریں آگ سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔ (صحیح مسلم : 2718)

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

چڑھتے وقت

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے۔

اترتے وقت

سُبْحَانَ اللّٰہِ

اللہ پاک ہے۔[سنن ابی داؤد: 2599]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

کسی جگہ اُترتے وقت

رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰـرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ

اے میرے رب! مجھے برکت والی جگہ اتار اور آپ سب سے اچھا ٹھکانہ دینے والے ہیں۔

[المؤمنون:29]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

کسی جگہ ٹھہرنے / قیام پر

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

میں تمام مخلوق کے شر سے اللہ کے کامل کلمات کی پناہ لیتا ہوں۔

(صحیح مسلم: 2708)

Find us on Facebook

Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon

YouTube

INTERNET ARCHIVE

کسی بستی یا شہر میں داخل ہوتے وقت

رَبِّ اَدۡخِلۡنِىۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّ اَخۡرِجۡنِىۡ مُخۡرَجَ
صِدۡقٍ وَّاجۡعَلْ لِّىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا

اے میرے پروردگار! مجھے (ہر جگہ) سچائی کے ساتھ داخل کر اور نکال بھی سچائی کے ساتھ اور
مجھ کو اپنے پاس سے مددگار قوت عطا کر۔ [الاسراء:80]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

کسی بستی یا شہر میں داخل ہونے پر

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَمَااَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقَلَّتْ
وَرَبَّ الرِّیَاحِ وَمَا اَذَرَّتْ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَااَضَلَّتْ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ خَیْرَھَا
وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا

اے اللہ! اے ساتوں آسمانوں کے رب اور جن چیزوں پر انہوں نے سایہ کیا ہے اور ساتوں زمینوں کے رب اور جن چیزوں کو انہوں نے اٹھایا ہے اور ہواؤں کے رب اور جو کچھ انہوں نے اڑایا ہے اور شیطانوں کے رب اور جنہیں انہوں نے گمراہ کیا ہے بے شک میں تجھ سے اس بستی کی خیر اور جو اس میں ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر سے اور ان چیزوں کے شر سے جو اس میں ہے تیری پناہ مانگتا ہوں۔[جامع الترمذي: 3523]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

حج اور دوسرے سفر سے واپسی پر

آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ

ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔ [صحیح مسلم: 1345]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

حج/ عمرہ/ جنگ سے واپسی پر

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ، لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہُ، لَہُ الْمُلْکُ
وَ لَہُ الْحَمْدُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، آیِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ سَاجِدُونَ
لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، صَدَقَ اللّٰہُ وَعْدَہُ، وَنَصَرَ عَبْدَہُ، وَھَزَمَ الاَحْزَابَ وَحْدَہُ

اللہ سب سے بڑا ہے-اللہ سب سے بڑا ہے-اللہ سب سے بڑا ہے- اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ، ملک اسی کا ہے اور حمد اسی کے لیے ہے وہ ہرچیز پر قادر ہے ، ہم واپس ہو رہے ہیں ، توبہ کرتے ہوئے عبادت کرتے ہوئے اپنے رب کے حضور سجدہ کرتے ہوئے اوراس کی حمد کرتے ہوئے ، اللہ نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا ، اپنے بندے کی مدد کی اور سارے لشکر کو تنہا شکست دے دی - [صحیح البخاری: 1797]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

کشتی میں سوار ہو تو

بِسۡمِ اللّٰہِ مَجۡرٖىٰهَا وَمُرۡسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّىۡ لَـغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ

اللہ ہی کے نام سے اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے، یقیناً میرا رب بڑی بخشش اور بڑے رحم والا ہے۔

[ہود:41]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

صبح کے اذکار

تالیف: بنت عبد الشکور

As-saajidoon

سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَ رِضَا نَفْسِهِ وَ زِنَةَ عَرْشِهِ وَ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ۔

پاک ہے اللہ اور اسی کی تعریف ہے اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کی ذات کی رضا کے برابر، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ (تین بار صبح اور شام) [مسلم: 6913]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
shahnaazz.wixsite.com/assaajidoon
YouTube
INTERNET ARCHIVE

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ لَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے، اسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند، اسی کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے سامنے شفاعت کرسکے، وہ جانتا ہے جو ان کے آگے اور پیچھے ہے، اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرسکتے سوائے اس کے جو وہ چاہے، اس کی کرسی آسمانوں اور زمین تک وسیع ہے اور ان کی حفاظت اسے نہیں تھکاتی اور وہ بہت بلند اور بہت عظمت والا ہے۔ (البقرہ: 255) (صبح و شام میں ایک بار)

[المعجم الکبیر الطبرانی، ج: 1، 541]

Find us on Facebook
Follow As-saajidoon at:
